**29.07.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. ارجمندعلی خان

**Music**

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ٹوکیو میں Quad کے وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کی اور کہا کہ Quad اِس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کررہا ہے کہ بھارت-بحرالکاہل خطہ، آزاد، کھلا، محفوظ اور خوشحال رہے۔
☆ دلی میں UPSC کے امیدوار طلبا کی موت کا معاملہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اٹھایا گیا۔ پولیس نے پانچ اور افراد کو گرفتار کیا ہے۔
☆ سی بی آئی نے دلی شراب پالیسی کے مبینہ بدعنوانی کیس میں وزیراعلیٰ اروند کجریوال کے خلاف فردجرم داخل کی ہے۔
☆ سپریم کورٹ نے پٹنہ ہائی کورٹ کے اُس حکم پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے جس کے تحت بہار میں ذات پر مبنی 65 فیصد ریزرویشن رد کردیا گیا تھا۔
☆ شیروں کے تحفظ کے بارے میں بیداری بڑھانے کی خاطر آج شیروں کا بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے۔
☆ اور پیرس اولمپک کھیلوں میں آج شام بھارت کی ہاکی ٹیم کا مقابلہ ارجنٹینا سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Jaishankar Quad**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ Quad کے اشتراک سے ہی اِس بات کو یقینی بنایا جاسکتا ہے کہ بھارت-بحرالکاہل خطہ آزاد، کھلا، مستحکم، محفوظ اور خوشحال رہے۔ آج ٹوکیو میں Quad کی سربراہ میٹنگ کے آغاز پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ممبرملکوں نے عالمی سطح پر بہبود کے اقدامات کرنے کا جو عہد کیا ہے وہ اِس خطے سے باہر بھی مفید ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اِس لیے یہ ضروری ہے کہ سیاسی مفاہمت مستحکم ہو، اقتصادی ساجھیداری کو فروغ حاصل ہو، تکنیکی اشتراک کو وسعت ملے اور عوام سے عوام کے رابطوں میں تیزی آئے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اس میٹنگ سے یہ واضح پیغام ملنا چاہئے کہ Quad گروپ برقرار رہے گا اور مزید فروغ حاصل کرے گا۔ ٹوکیو میں Quad کے وزراء خارجہ کی میٹنگ میں ڈاکٹر جے شنکر کے ساتھ ساتھ جاپان، امریکہ اور آسٹریلیا کے وزراء خارجہ نے بھی شرکت کی۔

## LS Coaching

دلی کے ایک کوچنگ سینٹر میں پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے UPSC کے امیدوار طلبا کی موت سے متعلق معاملہ آج لوک سبھا میں اٹھایا گیا۔ بی جے پی اور کانگریس نے اِس کی تحقیقات کرائے جانے کا مطالبہ کیا۔
وقفۂ صفر کے دوران بی جے پی کی ممبر بانسری سوراج نے الزام لگایا کہ یہ دلی سرکار کی مجرمانہ غفلت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی پارٹی پچھلے 10 سال سے دلی میں سرکار چلارہی ہے اور دلی میونسپل کارپوریشن میں بھی گزشتہ دو سال سے اُس کا کنٹرول ہے، لیکن پانی کی نکاسی کے نظام میں کوئی سدھار نہیں لایا گیا اور نہ ہی اِسے صاف کرنے کے لیے کچھ کیا گیا۔ محترمہ سوراج نے مطالبہ کیا کہ امور داخلہ کی مرکزی وزارت اِس معاملے کی جانچ کے لیے ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کرے۔
اِدھر کانگریس کے ششی تھرور نے کہا کہ اِس طرح کے واقعے میں کوئی بھی معاوضہ کافی نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی ضابطوں سمیت کئی ضابطوں کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔
سماجوادی پارٹی کے اکھیلیش یادو نے مطالبہ کیا کہ اُن افسروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے جو کوچنگ سینٹر چلانے کے لیے منظوری کا سٹیفکیٹ دینے کے ذمہ دار ہیں۔

## RS Coaching

راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ کوچنگ اب ایک طرح کا کاروبار بن گیا ہے۔ آج صبح ایوان بالا کی کارروائی شروع ہوتے ہی جناب دھنکھڑ نے دلی کے ایک کوچنگ سینٹر میں پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے UPSC کے امتحان کی تیاری کرنے والے طلبا کی موت کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی وہ کوئی اخبار پڑھتے ہیں، صفحۂ اول یا دو صفحات کوچنگ سینٹرس کے اشتہارات کے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اِس معاملے پر مختصر مدت کی بحث کرانا یا توجہ دلاؤ پہل مناسب ہوگی۔ چیئرمین موصوف نے کہا کہ وہ اِس معاملے پر اپنے چیمبر میں سبھی پارٹیوں کے لیڈروں کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔

## Delhi Police

دلی پولیس نے IAS کوچنگ سینٹر میں پانی بھرنے کے واقعے کے سلسلے میں 5 اور افراد کو گرفتار کیا ہے۔ اِن میں Basement کے مالکان اور وہ شخص بھی شامل ہے جس نے بظاہر عمارت کے دروازے کو نقصان پہنچایا تھا۔ دلی پولیس نے بتایا ہے کہ اب تک 7 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ وہ اِس کیس میں ملوث سبھی افراد کے خلاف سخت

کارروائی کو یقینی بنانے کی پابند ہے۔

DCP سینٹرل ہرش وردھن نے کہا ہے کہ سبھی پہلوؤں سے جانچ کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ Basement میں کسی طرح کی کمرشیل سرگرمی کی اجازت نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس نے دلی میونسپل کارپوریشن، MCD سے کچھ جانکاری مانگی ہے اور وہ اُس کے رول کی بھی جانچ کرے گی۔

## PM Budget Confrence

وزیراعظم نریندر مودی کل نئی دلی میں ''مرکزی بجٹ 25-2024 کے بعد کی کانفرنس، وِکست بھارت کی طرف سفر'' کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کریں گے۔ اِس کانفرنس کا اہتمام بھارتی صنعتوں کی کنفیڈریشن CII کررہی ہے اور اِس کا مقصد اِس کوشش میں ترقی کے لیے سرکار کے وسیع تر نظریے اور صنعت کے رول کا خاکہ پیش کرنا ہے۔ اِس کانفرنس میں صنعتوں، سرکار، سفارتی برادری اور دانشورانہ حلقوں کے ایک ہزار سے زیادہ مندوبین وہاں موجود رہ کر شرکت کریں گے جبکہ کئی دیگر شرکاء ملک بھر میں CII کے مختلف مراکز اور بیرون ملک سے بھی ورچوئل وسیلے سے اس میں شامل ہوں گے۔

## CBI KEJRIWAL

مرکزی جانچ بیورو CBI نے آج اُس ایکسائز پالیسی سے وابستہ مبینہ بدعنوانی کے معاملے میں دلی کے وزیراعلی اروند کیجریوال کے خلاف راؤز اوینیو عدالت میں ایک فرد جرم داخل کی ہے جو اب منسوخ کردی گئی ہے۔ جناب کیجریوال جو عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر بھی ہیں، انہیں 26 جون کو سی بی آئی کی جانب سے تہاڑ جیل سے گرفتار کرلیا گیا تھا جہاں وہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں عدالتی تحویل میں تھے۔

## LS EMPLOYEMENT

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے آج کہا ہے کہ ملک میں نوکریوں کی کوئی کمی نہیں ہے اور موجودہ حکومت کے پالیسی اقدامات کے سبب ملک میں بے روزگاری کی شرح کم ہوکر تین اعشاریہ دو فیصد ہوگئی ہے۔ وقفہ سوالات کے دوران لوک سبھا میں ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے امید ظاہر کی کہ آئندہ برسوں میں بے روزگاری کی شرح تین فیصد سے نیچے آجائے گی۔ اس سال کے مرکزی بجٹ کی ستائش کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویہ نے کہا کہ وزیراعظم کے پیکیج سے پانچ سال کی مدت میں چار کروڑ سے زیادہ نوجوانوں کو روزگار اور ہنرمندی کے امکانات فراہم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اِس نشانے کو حاصل کرنے کیلئے دو لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

**SC Bihar**

سپریم کورٹ نے پٹنہ ہائی کورٹ کے اُس حکم پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے جس کے تحت بہار میں ملازمتوں اور داخلوں میں ذات پر مبنی **65** فیصد ریزرویشن رد کردیا گیا تھا۔ عدالت نے بہار سرکار کی داخل کردہ اپیلوں پر نوٹس بھی جاری کیا ہے اور ستمبر میں ان درخواستوں کی سماعت کرنے سے اتفاق کرلیا ہے۔
گزشتہ مہینے پٹنہ ہائی کورٹ نے بہار سرکار کے اُس نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دے دیا تھا جس کے ذریعہ ریاست میں سرکاری ملازمتوں اور اعلیٰ تعلیم کے اداروں میں پسماندہ طبقوں، درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبیلوں کے لیے ریزرویشن **50** فیصد سے بڑھا کر **65** فیصد کیا گیا تھا۔

**TIGER DAY**

آج شیروں کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد شیروں کے فطری مسکن کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ایک عالمی نظام کو فروغ دینا اور شیروں کے تحفظ کے بارے میں بیداری میں اضافہ کرنا ہے۔ عالمی وائلڈ لائف فنڈ کے مطابق بھارت میں شیروں کی آبادی مستحکم ہے اور اس میں اضافہ ہورہا ہے۔ بھارت میں ٹائیگر ریزرو **1973** میں قائم کئے گئے تھے۔ اِن کی نگرانی پروجیکٹ ٹائیگر کے تحت کی جاتی ہے جس کا انتظام شیروں کے تحفظ سے متعلق قومی اتھارٹی کے ذمہ ہے۔ بھارت میں دنیا کے **80** فیصد شیر موجود ہے۔

**NTCA Meeting**

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی محکمے کے وزیر بھوپیندر یادو نے آج نئی دلی میں شیروں کے تحفظ سے متعلق قومی اتھارٹی کی **25** ویں میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس محکمے کے وزیرمملکت کیرتی وَردھن سنگھ بھی اُن کے ہمراہ موجود تھے۔ جناب یادو نے شیروں کے تحفظ میں ملکی تکنیک کو بروئے کار لانے کے امکان تلاش کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

**IMD**

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور مشرقی راجستھان کے زیادہ تر حصوں میں اگلے **5** روز کے دوران دور-دور تک ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش اور مغربی راجستھان میں بھی اگلے **5** روز کے دوران دور-دور تک بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ **IMD** نے مزید کہا ہے کہ آج مشرقی راجستھان میں اور بدھ کے روز مغربی اترپردیش، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ بدھ کے روز جھارکھنڈ کے زیادہ تر مقامات پر بھی کہیں کہیں بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے، جبکہ ناگالینڈ، منی پورم، میزورم اور تری پورہ میں منگل سے جمعرات تک بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔

**Gujrat Rain**

گجرات کے شمالی خطے میں آج کئی علاقوں میں شدید بارش ہوئی ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے تین دن کے دوران ریاست میں دور دور تک گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے لے کر اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے اور آج وسطی اور جنوبی گجرات کے خطے میں کہیں کہیں موسلادھار بارش کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ سابرکانٹھا، اراولی، Mahisagar، گاندھی نگر اُن ضلعوں میں شامل ہیں جہاں آج دور دور تک بارش ہوئی ہے۔ گجرات میں لگاتار بارش ہونے کے تناظر میں 45 باندھوں میں پانی کناروں سے باہر بہہ رہا ہے اور سخت چوکسی برتی جارہی ہے۔ ریاست کے سب سے بڑے باندھ سردار Sarowar ڈیم میں میں اب تک پانی کا اسٹوریج 53 فیصد ہوچکا ہے۔

**Sensex**

بھارت کی شیئر مارکیٹ کے عدد اشاریے سینسیکس اورنفٹی میں آج کاروبار کے آغاز میں اب تک کا سب سے زیادہ اُچھال آیا۔ کاروبار کے شروع میں سینسیکس 81 ہزار 749 اورنفٹی 24 ہزار 980 پر پہنچ گیا۔ سینسیکس میں 280 پوائنٹس یا صفر اعشاریہ تین پانچ فیصد کا اضافہ ہوا اورنفٹی میں 74 پوائنٹس یا صفر اعشاریہ تین صفر پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔

**OLYMPICS INDIA SCHEDULE**

پیرس اولمپک کے تیسرے دن، مردوں کی ہاکی ٹیم سہ پہر سوا چار بجے آج پول بی میں ارجنٹینا کے خلاف کھیلے گی۔ بھارتی ٹیم جیت کا اپنا سلسلہ برقرار رکھنا چاہے گی کیونکہ اُس نے اولمپک کے اپنے افتتاحی میچ میں نیوزی لینڈ کے خلاف ایک اہم جیت حاصل کی تھی۔ بیڈمنٹن میں مردوں کے سنگلز کے گروپ ایل کے مقابلے میں شام ساڑھے پانچ بجے بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین بیلجیئم کے Julien Carraggi سے مقابلہ کریں گے۔

تیر اندازی میں مردوں کے ٹیم کوارٹر فائنل میں بھارت کے دھیرج Bommadevara، ترندیپ رائے اور پروین رمیش جادھو آج شام ساڑھے چھ بجے اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔

**OLYMPICS BADMINTION**

بھارت کے ساتوک سائی راج اور چراغ شیٹی کا گروپ سی کے دوسرے راؤنڈ کا مقابلہ جو آج جرمنی کے Marvin Seidel اور مارک Lamsfuss کے ساتھ ہونے والا تھا، وہ مارک کے گھٹنے میں چوٹ لگنے کے سبب منسوخ کردیا گیا ہے۔ بیڈمنٹن کی عالمی فیڈریشن کے بیان کے مطابق مارک نے اولمپک کے بیڈمنٹن مقابلے سے اپنا نام واپس لے لیا ہے۔ اب بھارت کی سرکردہ جوڑی کا مقابلہ کل انڈونیشیا کی جوڑی سے ہوگا اور یہ کوارٹر فائنل سے پہلے اُن کا آخری میچ ہوگا جس میں انہیں جیتنا لازمی ہے۔

☆☆☆